Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 16 October-2026

Time: 09:00-09:10 am

آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶/اکتوبر ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ سال بھر کے تمام تہواروں اور تقاریب کے دوران عوامی راستوں، گلیوں اور فٹ پاتھوں پر آتش بازی کرنے پر ممبئی عدالتِ عالیہ کی پابندی۔

☆ مذہب تبدیل کرنے والے افراد پسماندہ طبقے کے زمرے کے تحت ریزرویشن کے فوائد کا دعویٰ نہیں کرسکتے: عدالتِ عظمیٰ کا فیصلہ۔

☆ چینی کی ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور غیر مسدود دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے مرکزی حکومت کی جانب سے ضابطوں میں ترمیم۔

☆ کھلے مسالوں کی فروخت پر ریاستی حکومت کی جانب سے پابندی عائد۔

اور۔۔۔☆ ایس ٹی کارپوریشن کی جانب سے دیوالی کے موقعے پر کرایوں میں پندرہ فیصد اضافے کا فیصلہ منسوخ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

ممبئی عدالتِ عالیہ نے نوراتر، دیوالی اور کرسمس سمیت سال بھر کے تمام تہواروں اور تقاریب کے دوران عوامی راستوں، گلیوں اور فٹ پاتھوں پر آتش بازی پر مکمل پابندی عائد کردی ہے۔ جسٹس گریش کلکرنی اور جسٹس نیلا گوکھلے کی بنچ نے کل یہ فیصلہ دیا۔ عدالت کے مشاہدے میں آیا ہے کہ پٹاخوں سے پیدا ہونے والی آلودگی سے عوام بالخصوص بزرگ شہریوں اور بچوں کو بہت زیادہ تکلیف پہنچتی ہے۔ تاہم' عدالت نے یہ وضاحت بھی کی ہے کہ پٹاخوں کی تیاری یا فروخت پر کوئی پابندی نہیں لگائی گئی ہے۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ نے کہا ہے کہ ہندو مذہب سے کوئی بھی دوسرا مذہب اختیار کرنے والے افراد پسماندہ طبقات کے زمرے کے تحت ریزرویشن کے فوائد کا دعویٰ نہیں کرسکتے۔ جسٹس پرشانت کمار مشرا اور جسٹس چندر شیکھر کی بنچ نے مدراس ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف تمل ناڈو حکومت کی طرف سے دائر عرضی کو خارج کرتے ہوئے یہ فیصلہ دیا۔ عدالت نے نوٹ کیا کہ مذہب تبدیلی سے قبل کی سماجی پسماندگی تبدیلیِ مذہب کے بعد بھی برقرار نہیں رہتی اور جو شخص ہندو، سکھ یا بدھ مت کے علاوہ کسی بھی مذہب کی پیروی کرتا ہے وہ درج فہرست ذات کا درجہ کھو دیتا ہے۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ نے فہرستِ رائے دہندگان پر خصوصی جامع نظر ثانی کے عمل میں مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف حزبِ اختلاف کی جماعتوں کی جانب سے احتجاجی مارچ کو چیلنج کرنے والی ایک عرضی پر کانگریس رہنماء راہل گاندھی، سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو اور دیگر کو نوٹس جاری کیے ہیں۔ عدالت نے وضاحت کی کہ سپریم کورٹ کو ڈرا دھمکا کر کوئی بھی کام نہیں کروایا جاسکتا۔

دریں اثناء، عدالت نے ایس آئی آر کے عمل میں بے ضابطگیوں اور بڑے پیمانے پر رائے دہندگان کو فہرست سے خارج کرنے سے متعلق دائر درخواستوں پر الیکشن کمیشن سے جواب طلب کرلیا ہے۔ ساتھ ہی عدالت نے جنتر منتر کا نام سرکاری احتجاجی مقامات کی فہرست سے ہٹانے کے فیصلے کو چیلنج کرنے والی درخواست کو بھی سماعت کیلئے قبول کرلیا ہے۔

***** ***** *****

تہواروں کے دوران شکر کی ذخیرہ اندوزی کو روکنے اور اس کی غیر مسدود فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے حکومت نے ذخیرہ اندوزی کے قوانین میں ترمیم کی ہے۔ اب چینی کے تاجر صرف 15 دن کیلئے چینی کا ذخیرہ کرسکتے ہیں۔ اسی طرح تقسیم کاروں کیلئے چینی ذخیرہ کرنے کی حد بھی ایک ہزار کوئنٹل مقرر کی گئی ہے۔ اُمورِ صارفین کی وزارت نے کہا ہے کہ کل سے نافذ کردہ یہ قوانین آئندہ ماہ 30 نومبر تک نافذ العمل رہیں گے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے کھلے مصالحہ جات کی فروخت پر پابندی عائد کردی ہے۔ خوراک و ادویات محکمے کے کمشنر تکارام منڈھے نے کل ممبئی میں ایک اطلاعی کانفرنس میں یہ اعلان کیا۔ اس کے مطابق کسی بھی مصالحے کے پیکٹ پر اس کا نام، اس کے اجزاء، مصالحہ سازی کی تفصیلات، تیاری اور پیکنگ کی تاریخ اور استعمال کی تاریخ سے متعلق تمام تفصیلات کا واضح طور پر ذکر کرنا لازمی ہے۔ منڈھے نے وضاحت کی کہ مسالوں کے معیار، نامیاتی، قدرتی اور طبّی فوائد کے بارے میں بغیر ثبوت کے دعوے کرنے والے افراد کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ انھوں نے بتایا کہ مسالوں کو عوامی راستوں، سڑکوں، نالوں، کچرے کے ڈبوں یا جانوروں کے طبیلوں کے قریب تیار نہیں کیا جاسکتا، اور مصالحے کے ساتھ کیمیائی و جراثیم کش ادویات، صنعتی پینٹ یا دیگر ضرر رساں اشیاء کو ذخیرہ کرنا بھی ممنوع ہے۔

***** ***** *****

اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ۔ ایس ٹی کارپوریشن نے دیوالی کے موقعے پر کرایوں میں 15 فیصد عارضی اضافے کے فیصلے کو منسوخ کردیا ہے۔ متعلقہ خبروں میں واضح کیا گیا ہے کہ اس تجویز کو ایس ٹی کارپوریشن کے چیئرمین اور وزیر حمل و نقل پرتاپ سرنائیک نے خشک سالی کے بحران میں مالی مشکلات کا سامنا کرنے والے شہریوں پر اضافی بوجھ نہ ڈالنے کے پیشِ نظر مسترد کیا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بجلی تقسیم کار کمپنی کو ملک کے مستقبل پر مبنی DISCOM کے اہم زمرے میں قومی سطح پر سرِ فہرست مقام حاصل ہوا ہے۔ مہاوترن نے اس ایوارڈ سمیت دیگر سات ایوارڈ جیتے ہیں۔ مہاوترن کے ڈائریکٹر دھنجے اونڈھیکر نے دہلی میں منعقدہ بیسویں قومی توانائی کانفرنس میں یہ ایوارڈ قبول کیا۔

***** ***** *****

مرکزی انتخابی کمیشن کی جانب سے 17 اور 18 اکتوبر سمیت ریاست بھر کے تمام پولنگ اسٹیشنوں پر 24 اور 25 اکتوبر کو ایس آئی آر سے خارج ووٹروں کیلئے ایک خصوصی کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا۔ چیف الیکٹورل آفیسر نے بتایا کہ اس کیلئے تمام مراکز پر بی ایل اوز موجود رہیں گے۔

***** ***** *****

وزیرِاعظم نریندر مودی کی عوامی زندگی کے 25 سالہ سفر میں ''عوامی خدمت سے ملک کی خدمت'' ایک بنیادی نکتہ ہے، حکومت' خدمت اور بہتر طرزِ حکمرانی کے نقطۂ نظر سے 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ ان اقدامات سے سماج کو بااختیار بنا کر شہریوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیاں لانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ ''گورنمنٹ ای۔ مارکیٹ پلیس' یا جی ای ایم پورٹل بھی انہی کوششوں کا ایک حصہ ہے۔

مرکزی حکومت نے سرکاری خریداری کے عمل میں شفافیت، کارکردگی اور مسابقت کو بڑھانے کے مقصد سے 9 اگست 2016 کو ''گورنمنٹ ای۔ مارکیٹ پلیس'' یعنی جی ای ایم پورٹل شروع کیا تھا۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد مرکزی اور ریاستی حکومت کے محکمہ جات، عوامی اداروں اور مختلف سرکاری اداروں کو ضروری سامان اور خدمات آن لائن خریدنے کے قابل بنانا ہے۔ اس کی وجہ سے سرکاری خریداری کیلئے روایتی ٹینڈر کا عمل مزید آسان ہو گیا ہے۔ اس پورٹل کے ذریعے خریدار اور بیچنے والے ایک ہی آن لائن پلیٹ فارم پر لین دین کر سکتے ہیں۔ اس پورٹل سے متعلق وزیرِاعظم نے بتایا:

Byte: Prime Minister Narendra Modi

اس پورٹل سے مائیکرو، چھوٹے اور درمیانی درجے کے کاروباری اداروں کے ساتھ ساتھ دیگر اہل دکانداروں کو براہِ راست سرکاری خریداروں تک پہنچنے کا موقع فراہم ہوا ہے۔ یہ نظام، جو کاغذ و نقد سے پاک اور کسی بھی راست رابطے کے لین دین پر منحصر ہے، جس سے انتظامی اخراجات کو کم کرنے اور خریداری کے عمل کی کارکردگی کو بڑھانے میں مدد ہوئی ہے۔

***** ***** *****

آنجہانی صدرِ جمہوریہ بھارت رتن ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے یوم پیدائش پر کل ترغیبِ مطالعہ دن منایا گیا۔ اس مناسبت سے چھترپتی سمبھاجی نگر میں ضلع کلکٹر دفتر اور میونسپل کارپوریشن سمیت مختلف سرکاری، تعلیمی اور سماجی اداروں کی جانب سے آنجہانی عبدالکلام کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر وجے پھلاری نے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کی مرکزی انتظامی عمارت میں کلام کی تصویر پر گلہائے عقیدت نچھاور کیے۔ یونیورسٹی کے مرکزِ تعلیم میں نادر و نایاب کتابوں کی سہ روزہ نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ مملکت برائے بہبودیِ خواتین و اطفال میگھنا بورڈیکر نے لاتور دورے کے دوران، کل خواتین اسپتال کا اچانک دورہ کر کے معائنہ کیا۔ انہوں نے اسپتال میں صفائی انتظامات کے فقدان اور رات کے اوقات میں مریضوں کو باہر ریفر کرنے کی شکایات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا۔ اس سلسلے میں انہوں نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو فوری طور پر اسپتال کے انتظامات کو بہتر کرنے کی ہدایت کی۔

***** ***** *****

لاتور میں ریاستی وزیر میگھنا بورڈیکر کی موجودگی میں 'سیوا سنکلپ ابھیان' کے تحت ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقعے پر مرکزی اور ریاستی حکومتوں کی جانب سے خواتین کو بااختیار و خود کفیل بنانے کے مواقع اور خواتین کے حقوق سے متعلق مختلف فلاحی اسکیمات کے بارے میں حاضرین کی رہنمائی کی گئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں سیوا سنکلپ ابھیان کے تحت 'مشن ریبیز' کے زیرِ اہتمام ہمہ مقصدی طبّی کارکنان کیلئے ایک خصوصی ورکشاپ منعقد ہوا۔ مرکز کے پرنسپل ڈاکٹر سنتوش کڑلے نے 'ریبیز کی علامات، علاج اور احتیاطی تدابیر' کے موضوع پر حاضرین کی رہنمائی کی۔

***** ***** *****

ہنگو لی ضلع میں کل پھر زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔صبح چار بجکر 58 منٹ پر بسمت تعلقے کے کھاپرکھیڑا علاقے میں زیرِ زمین خفیف جھٹکے محسوس کیے گئے۔ ریختر اسکیل پر زلزلے کی شدت دو اعشاریہ نو پوائنٹ درج کی گئی۔ان جھٹکوں سے کوئی جانی یا مالی نقصان نہ ہونے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...

☆ سال بھر کے تمام تہواروں اور تقاریب کے دوران عوامی راستوں ،گلیوں اور فٹ پاتھوں پر آتش بازی کرنے پر ممبئی عدالتِ عالیہ کی پابندی۔

☆ مذہب تبدیل کرنے والے افراد پسماندہ طبقے کے زمرے کے تحت ریزرویشن کے فوائد کا دعویٰ نہیں کر سکتے: عدالتِ عظمیٰ کا فیصلہ۔

☆ چینی کی ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور غیر مسدود دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے مرکزی حکومت کی جانب سے ضابطوں میں ترمیم۔

☆ کھلے مسالوں کی فروخت پر ریاستی حکومت کی جانب سے پابندی عائد۔

اور۔۔۔☆ ایس ٹی کارپوریشن کی جانب سے دیوالی کے موقعے پر کرایوں میں پندرہ فیصد اضافے کا فیصلہ منسوخ۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****